نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

PH. 042-99200729, 99200731, Email: mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلی سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی ٹائم لائنز اور اب تک کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔

وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پروگرام کے تحت صوبہ میں زراعت کے شعبہ میں فقید المثال منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور،27 ستمبر 2024:وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پروگرام کے تحت صوبہ میں زراعت کے شعبہ میں فقید المثال منصوبے شروع کیے گئے ہیں جس سے کسان ترقی وخوشحالی کی منازل طے کر رہا ہے۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے آج وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ سے متعلق پیشرفت کے لیے زراعت ہاؤس لاہور میں منعقدہ اعلی سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔صوبائی وزیر زراعت نے اس موقع پر کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کے لیے 10 لاکھ کاشتکاروں کی رجسٹریشن مکمل ہو چکی ہے اور سکروٹنی کے بعد بینک آف پنجاب نے 3 لاکھ 34 ہزار سے زائد کاشتکاروں کی وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کے حصول کے لیے تصدیق کر دی ہے جبکہ اب تک 82 ہزار کسان کارڈ کاشتکاروں نے وصول کر لیے ہیں۔اس موقع پر صوبائی وزیر نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ پروگرام کی ٹائم لائنز پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔سید عاشق حسین کرمانی نے کارڈ کی وصولی کے عمل کو مزید تیز کرنے کی ہدایت کی اور اس ضمن میں اہل کسان کارڈ درخواست گزاروں کے لیے تشہیری مہم کو موثر انداز میں چلانے اور گھر گھر جا کر پیغامات پہنچانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ 5 لاکھ کارڈ کی ڈلیوری کے ہدف کو حاصل کیا جا سکے۔انھوں نے کسان کارڈ کے سلسلے میں ڈیش بورڈ کو تحصیل کی سطح پر بنانے کے احکامات بھی جاری کئے۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کی فراہمی کے لیے تحصیل کی سطح پر 136 ڈلیوری سنٹرز قائم کر دیے گئے۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ یہ کسان کارڈ 15 اکتوبر سے کاشتکاروں کی خریداری کے لیے آپریشنل کر دیئے جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ کسان کارڈ سے کاشتکار صوبہ بھر میں 2500 رجسٹرڈ ڈیلر سے بیج، کھاد و دیگر زرعی مداخل کی خریداری کر سکیں گے علاوہ ازیں کسان کارڈ سے خریداری کے عمل کی باقاعدہ مانیٹرنگ کو بھی یقینی بنایا جائے گا۔ وزیر زراعت پنجاب نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ تحصیل مراکز میں پینا فلیکسز پر یہ بات اویزاں کی جائے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب گندم کی فصل سے متعلق خریداری سے منسلک ہے۔

اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، صدر بینک آف پنجاب مسعود ظفر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ کیپٹن (ر) وقاص رشید، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور گروپ چیف کارپوریٹ اینڈ انویسٹمنٹ بینک آف پنجاب نوفل داؤد سمیت دیگر اعلی افسران بھی شریک ہوئے۔

****